**12.09.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. حبیب الرحمان

**Music**

---

☆ ☆ بھارت کی صدارت میں برکس سربراہ میٹنگ نئی دلّی میں شروع ہونے والی ہے۔ دو روزہ سربراہ میٹنگ میں عالمی رہنماؤں کی شرکت کے درمیان عالمی طرزِ حکمرانی، کثیر جہتی، تجارت، سکیورٹی اور سپلائی چین سے متعلق امور پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج شام چین کے صدر شی جن پنگ کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔

☆ جناب مودی نے ملیشیا کے ہم منصب انور ابراہیم کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی۔ انہوں نے آسیان-بھارت تعلقات کو مضبوط بنانے میں ملیشیا کی مسلسل حمایت کو سراہا۔

☆ وزیرِ اعظم مودی نے ایتھوپیا کے اپنے ہم منصب ڈاکٹر Abiy احمد علی، ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان اور ویتنام کے وزیرِ اعظم Le Minh Hung کے ساتھ دو طرفہ مذاکرات کیے۔

☆ یمن میں حوثی باغیوں نے بحیرۂ احمر میں واقع اہم تجارتی گزر گاہ کے کلیدی اہمیت کے حامل جزیروں پر قبضہ کرلیا ہے، جس سے بحیرۂ احمر کی اہم بحری تجارتی گزرگاہ پر ان کی گرفت مزید مضبوط ہو گئی ہے۔ سعودی عرب نے حملے کے بعد کلیدی تیل پائپ لائن کو بند کردیا ہے۔

☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے آج چھتیس گڑھ، تلنگانہ اور ودربھ میں شدید سے بہت شدید بارش کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور ہاکی میں، بھارتی خواتین کی ٹیم نے جنوبی کوریا کو ایک کے مقابلے پانچ گول سے شکست دے کر جونیئر ایشیا کپ 2026 کے فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔ یہ مقابلہ چین کے شہر موچی میں کھیلا گیا۔

☆ اور یو ایس اوپن ٹینس میں، دفاعی چیمپئن آرینا سبالینکا آج رات نیویارک کے فائنل میں دوسرے درجے کی کھلاڑی ایلینا ریباکینا کا سامنا کریں گی۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**NEW PM BILATERALS**

بھارت کی صدارت میں برکس سربراہ میٹنگ نئی دلّی میں شروع ہونے والی ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں 18ویں برکس سربراہ میٹنگ کے موقع پر ایتھوپیا کے اپنے ہم منصب ڈاکٹر Abiy احمد علی کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ کلیدی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کیلئے مختلف امور پر تبادلہٗ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اقتصادی تعاون، دفاع اور سلامتی کے شعبے میں شراکت داری اور صلاحیت سازی سمیت اہم شعبوں میں ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

میٹنگ کے دوران، وزیرِ اعظم مودی نے 18ویں برکس سربراہ میٹنگ میں ایتھوپیا کی شرکت کو سراہا اور کہا کہ ایتھوپیا کی موجودگی نے عالمی خطۂ جنوب کی اجتماعی آواز کو مزید مضبوط بنانے میں مدد دی ہے۔ وزیرِ اعظم نے برکس سربراہ میٹنگ کے موقع پر، جو بھارت کی صدارت میں منعقد ہو رہی ہے، ملیشیا کے اپنے ہم منصب انور ابراہیم کے ساتھ بھی دو طرفہ بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے تجارت و سرمایہ کاری، دفاع، سکیورٹی اور عوام سے عوام کے رابطے سمیت مختلف شعبوں میں دو طرفہ تعاون میں ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس سال فروری میں، وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ملیشیا کے دورے کے نتائج کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔ جناب مودی نے آسیان-بھارت تعلقات کو مستحکم کرنے میں ملیشیا کی مضبوط حمایت کی تعریف کی۔

وزیرِ اعظم مودی نے ویتنام کے اپنے ہم منصب Le Minh Hung کے ساتھ میٹنگ میں برکس میں شراکت دار ملک کی حیثیت سے ویتنام کی شرکت کا خیرمقدم کیا۔ وزارتِ خارجہ نے کہا کہ میٹنگ کے دوران، دونوں رہنماؤں کو دو طرفہ تعلقات میں ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لینے کا موقع فراہم ہوا۔ اس سال مئی میں ویتنام کے صدر To Lam کے بھارت کے سرکاری دورے کے دوران دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید جامع اسٹریٹجک ساجھیداری کی سطح تک لے جایا گیا تھا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے مختلف علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہٗ خیال کیا اور اپنی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بھارت اور ویتنام کے درمیان طویل عرصے سے دوستی قائم ہے، جو مشترکہ تہذیبی ورثے، باہمی اعتماد اور افہام و تفہیم پر مبنی ہے۔ ویتنام، بھارت کی مشرق نواز پالیسی کا ایک اہم ستون اور جنوب مشرقی ایشیا کے ساتھ بھارت کے وسیع تر روابط میں ایک اہم شراکت دار ملک ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان کے ساتھ بھی دو طرفہ بات چیت کی۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج چین کے صدر شی جن پنگ کے ساتھ بھی دو طرفہ میٹنگ کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔

یہ چوٹی کانفرنس برکس ملکوں کی شمولیاتی حکمرانی اور کثیر الجہتی کو مضبوط کرنے پر مبنی اجلاس کے ساتھ شروع ہوگی۔ اِس کے بعد برکس رکن ملکوں کے اعلیٰ رہنما بھارت منڈپم میں منعقد بھارت اِنوویٹس نمائش کا بھی دورہ کریں گے۔ اس کے بعد وہ اجتماعی شجرکاری کریں گے اور وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعہ دیئے جانے والے خصوصی اعشائیے میں شرکت کریں گے۔ وہیں کل برکس سربراہ میٹنگ کے دوسرے دن منعقد ہونے والا اجلاس، ''جدت طرازی، اشتراک اور استحکام : شمولیاتی عالمی ترقی کیلئے مستقبل کی تشکیل'' پر مبنی ہوگا۔ اس اجلاس میں رکن ممالک کے علاوہ بیلاروس، بولیویا، قزاقستان، کیوبا، ملیشیاء، نائجیریا، تھائی لینڈ، یوگانڈا، اُزبکستان اور ویتنام جیسے معاون ممالک بھی شامل ہوں گے۔ برکس ممالک دنیا کی آبادی میں لگ بھگ 50 فیصد، عالمی GDP میں 40 فیصد اور تجارت میں 25 فیصد سے زیادہ کی حصہ داری رکھتے ہیں۔

برکس ٹیم کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

## BRICS SUMMIT LEADERS ARRIVAL

چین کے صدر Xi Jinping برکس سربراہ میٹنگ میں شرکت کیلئے نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی آج بعد میں چینی صدر کے ساتھ دو طرفہ ملاقات کریں گے۔ بیلاروس کے وزیر خارجہ میکسم Ryzhenkov بھی آج صبح نئی دلّی میں ہونے والی 18 ویں برکس سربراہ میٹنگ میں شرکت کیلئے نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ بھارت اور بیلاروس کے درمیان دوستانہ تعلقات ہیں، جن میں خصوصی طور پر دوطرفہ اور کثیر جہتی شعبوں میں وسیع پیمانے پر بڑھتا ہوا تعاون ہے۔

ویتنام کے وزیراعظم Le Minh Hung بھی برکس سربراہ میٹنگ کیلئے نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ ہوائی اڈے پر وزیر مملکت برائے شہری ہوا بازی مرلی دھر Mohol نے اُن کا استقبال کیا۔ بھارت اور ویتنام کے درمیان مضبوط، جامع اسٹریٹجک شراکت داری قائم ہے، جو دیرینہ دوستی اور تعاون پر مبنی ہے اور دفاع وسلامتی فن ٹیک، اہم معدنیات اور دیگر اُبھرتے ہوئے شعبوں تک پھیل رہی ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ دونوں ممالک کثیر جہتی تعاون کیلئے کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس سے قبل آج صبح عالمی ادارۂ صحت WHO کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Tedros Adhanom Ghyereyesus بھی برکس سربراہ میٹنگ کیلئے دلّی پہنچے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اُن کا دورہ مشترکہ ترقی اور خوشحالی کیلئے صحت متعلق امور میں عالمی تعاون کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔×

## PREZ MURMU-PEZESHKIAN

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں ایران کے صدر مسعود پیزشکیان سے ملاقات کی۔ ایرانی صدر، برکس سربراہ

میٹنگ میں شرکت کیلئے قومی راجدھانی میں ہیں۔ اس سے پہلے انہوں نے کل وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کی تھی۔ دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیاء کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کے اُس دیرینہ موقف کو دُہرایا کہ سبھی معاملات کا حل بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعہ ہی نکالا جانا چاہئے۔ وزیراعظم نے خطے میں دیرپا امن واستحکام، جہاز رانی اور کامرس کی آزادی اور جہاز رانوں کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے جاری کوششوں کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔×

## SAUDI OIL PIPELINE HOUTHI SIEZE

سعودی عرب نے اپنی اہم مشرقی-مغربی تیل پائپ لائن کو عارضی طور پر بند کردیا ہے۔ یہ اقدام مذکورہ تیل پائپ لائن کو ڈرون حملے کا نشانہ بنائے جانے کے ایک دن بعد کیا گیا ہے۔سعودی عرب کی وزارتِ توانائی نے کہا کہ پائپ لائن کو احتیاطی اقدام کے طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ مشرقی-مغربی تیل پائپ لائن، سعودی عرب کیلئے انتہائی اہم ہے کیونکہ آبنائے ہرمز میں رکاوٹ کے بعد، اسی پائپ لائن کے ذریعے سعودی عرب کو اپنا تیل برآمد کرنے میں مدد مل رہی تھی۔ یہ صورتحال ایران کی امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ جاری جنگ کے دوران پیدا ہوئی ہے۔سعودی وزارتِ خارجہ نے کہا کہ یہ حملہ، عراق کی جانب سے آنے والے کئی ڈرونز کے ذریعے کیا گیا۔ عراق کی حکومت نے، اِس حملے کی مذمت کرتے ہوئے تحقیقات کا حکم دیا ہے۔

ایسا اُس وقت ہوا ہے، جب ایران کے حمایت یافتہ یمن کے حوثی باغیوں نے یمن کی بندرگاہ **Mokha** اور **Perim** کے اہم جزیرے پر قبضہ کر لیا ہے۔ یہ جزیرہ آبنائے باب المندب میں واقع ہے، جو بحیرۂ احمر کے جنوبی داخلی راستے پر واقع ایک انتہائی اہم مقام ہے۔ آبنائے باب المندب، دنیا کی اہم ترین بحری تجارتی گزرگاہوں میں سے ایک ہے۔ حوثیوں کا یہ قبضہ، ایران کی اس حکمتِ عملی کو تقویت دے سکتا ہے، جس کا مقصد عالمی سطح پر تیل اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کرکے، امریکہ پر دباؤ ڈالنا ہے۔سعودی حمایت یافتہ اور بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ یمن کی حکومت کے دو ذرائع نے بتایا کہ ان کی فوجیں **Perim** جزیرے سے پیچھے ہٹ گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق حوثیوں نے بحیرۂ احمر کے ساحل پر واقع ذوباب نامی قصبے پر بھی قبضہ کر لیا ہے، جو اس جزیرے کے سامنے واقع ہے۔**x**

## IMD-WEATHER

بھارتی محکمہ موسمیات **IMD** نے چھتیس گڑھ، تلنگانہ اور وِدربھ میں آج انتہائی شدید بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق اتراکھنڈ، گجرات، کونکن، گوا، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور مہاراشٹر میں بھی کل تک موسلادھار بارش کا امکان ہے۔ وہیں اُڈیشہ، تلنگانہ، مغربی بنگال اور شمال مشرقی بھارت کے حصوں میں بھی اسی کے موسمی حالات رہ سکتے ہیں۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ تمل ناڈو، پدوچیری، آندھرا پردیش، کرائیکل، وِدربھ، بہار، راجستھان اور انڈمان ونکوبار

جزائر میں کل تک گرج چمک کے ساتھ بارش جاری رہ سکتی ہے۔ دلّی کیلئے محکمہ موسمیات نے آج دن میں ہلکی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔×

## JOSHI-BHARAT INNOVATES

مرکزی وزیر تعلیم پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ برکس سربراہ میٹنگ-2026 میں منعقد بھارت اِنوویٹس نمائش، اُبھرتے ہوئے اعلیٰ تعلیمی اور تحقیقی اداروں کی اختراع کو دنیا تک پہنچانے کے مقصد سے ڈیزائن کی گئی ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے ویڈیو پیغام میں جناب جوشی نے کہا کہ نمائش میں سبھی معزز شخصیات کا خیر مقدم کرنا ملک کیلئے فخریہ لمحہ ہے۔ جناب جوشی نے مزید کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی دور اندیش قیادت میں بھارت کے اختراعی نظام نے تیز رفتار ترقی کی ہے۔ جناب جوشی کے مطابق بھارت اِنوویٹس کے سفر نے عالمی نقوش چھوڑے ہیں۔

**Byte: Prahlad Joshi**

## INDIA-CHINA FLIGHTS

**China Southern** ایئر لائنز نے آج کہا کہ وہ 6 سال کے تعطل کو ختم کرتے ہوئے اِس مہینے کی 21 تاریخ سے گُوانگ زاؤ اور نئی دلّی کے درمیان باضابطہ مسافر خدمات بحال کرے گی۔ بھارت اور چین کے درمیان ہوائی خدمات سال 2020 میں کووڈ-19 عالمی وبا کی شروعات کے بعد معطل کردی گئی تھیں۔ ہوائی خدمات کی بحالی ایسے وقت میں ہورہی ہے، جب چین کے صدر **Xi Jinping** برکس سربراہ میٹنگ میں شرکت اور وزیراعظم نریندر مودی سے بات چیت کیلئے بھارت کے دورے پر ہیں۔ اِس سال مارچ میں بھارتی کیریئر اِنڈیگو نے بھارت اور چین کے درمیان فضائی رابطوں کو مزید وسعت دیتے ہوئے شنگھائی اور کولکاتا کے درمیان روزانہ کی بنیاد پر پروازیں شروع کی تھیں۔×

## RAJNATH- GURU GRANTH SAHIB

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے شری گرو گرنتھ صاحب کے پرکاش **Purab** کے موقع پر آج سکھ برادری کے افراد کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا ہے کہ شری گرو گرنتھ صاحب کی تعلیمات انسانیت کو صداقت، خدمت، مساوات، صبر وتحمل اور ہم آہنگی کا پیغام دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیغام لوگوں کو سماج اور ملک کی خدمت، باہمی نیک دِلی، احترام اور بھائی چارے کے ساتھ کرنے کی تحریک دیتا ہے۔ وزیر دفاع نے اُمید ظاہر کی کہ یہ پوتر موقع سبھی کی زندگی میں امن وخوشحالی اور مسرت لائے گا۔ ساتھ ہی انسانی فلاح وبہبود کے عزم کو مزید تقویت دے گا۔×

**BIHAR-FLOOD**

بھارت میں سیلاب کی صورتحال میں بتدریج بہتری آرہی ہے۔ حالانکہ کئی علاقے بدستور متاثر ہیں۔ 14 ضلعوں کے 2 ہزار سے زیادہ گاؤں زیر آب ہیں۔ راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں اور انتظامیہ صورتحال پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔

**HOCKEY**

ہاکی میں، بھارت نے آج چین کے Moqi میں، جنوبی کوریا کو ایک-پانچ سے شکست دے کر خواتین جونیئر ایشیاء کپ-2026 کے فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ بھارت کی جانب سے سُپریا نے ہیٹرک اسکور کیا، جبکہ مدھو سِدّر اور سُکھبیر کور نے بھارت کیلئے گول کئے۔ جنوبی کوریا کی جانب سے Yuri Jeong نے میچ کا واحد گول کیا۔
فائنل میں بھارت کا مقابلہ دوسرے سیمی فائنل میں چین اور جاپان کے درمیان ہونے والے میچ کے فاتح سے ہوگا۔ یہ کامیابی بھارت کی پاکستان کے خلاف کوارٹر فائنل میں اُنیس-صفر کی شاندار جیت کے بعد حاصل ہوئی ہے۔ بھارت نے اپنے گروپ میں سرفہرست مقام حاصل کیا، جس میں جاپان، ملیشیا اور جنوبی کوریا بھی شامل ہے۔ بھارت 2023 اور 2024 میں ٹورنامنٹ جیتنے کے بعد خواتین جونیئر ایشیاء کپ کا مسلسل تیسرا خطاب حاصل کرنے کی کوشش کررہا ہے۔x

**US-OPEN TENNIS**

یو-ایس-اوپن ٹینس کے مردوں کے سنگلز کے خطابی مقابلے میں میں آٹھویں درجے کے کھلاڑی Ben Shelton کا سامنا اعلیٰ درجے کے کھلاڑی الیگزینڈر Zverev سے ہوگا۔ جرمنی کے Zverev نے آج صبح کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل مقابلے میں روس کے کھلاڑی Karen Khachanov کو چھ-تین، سات-چھ اور سات-چھ سے ہرایا۔ دوسرے سیمی فائنل مقابلے میں Ben Shelton نے اپنے ہم وطن گیارہویں درجے کے امریکی کھلاڑی Francis Tiafoe کو چار-چھ، چھ-تین، چھ-تین اور سات-پانچ سے ہرایا۔ خواتین کے سنگلز مقابلوں میں دفاعی چمپئن Aryna Sabalenka کا آج رات نیویارک میں دوسرے درجے کی کھلاڑی Elena Rybakina کے ساتھ خطابی مقابلہ ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆